حصہ انشائیہ:

مختصر سوالات (Short Questions)

نوٹ: کل 15 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 03 نمبر ہیں۔ (15x3=45)

سوال نمبر 1: مقام "التیہ" میں کس کی وفات ہوئی اور نقباء میں سے کتنے زندہ بچے؟ ان کے نام تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: "دینا وسطا بین الایمان والکفر ولا واسطة بینهما" عبارت کی مختصر وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 3: "هُمُ الكَامِلُوْنَ فِي الكُفْرِ، لِأَنَّ الكُفْرَ بِوَاحِدٍ كُفْرٌ بِالكُلِّ" اس عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 4: "ومنعوا الناس عن سبیل الحق بقولهم للعرب: انا لا نجد فی کتابنا" ترجمہ کیجئے۔

سوال نمبر 5: ﴿لَنْ يَسْتَنْكِفَ الْمَسِيحُ اَنْ يَكُوْنَ عَبْدًا لِلّٰهِ﴾ هو رد علی النصاری" اس عبارت کی غرض بیان کیجئے۔

سوال نمبر 6: سورۃ المائدہ میں شعائر اللہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 7: فرائض وضو کی آیت عربی میں تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 8: ﴿مِنَ الغَائِطِ﴾ اس آیت میں لفظ "غائط" کس سے کنایہ ہے؟

سوال نمبر 9: ﴿قَالَ رَجُلَانِ مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ﴾ اس آیت میں "مِنَ الَّذِينَ يَخَافُونَ" کا "رجلان" سے نحوی طور پر کیا تعلق ہے؟

سوال نمبر 10: ﴿وَ السَّارِقُ وَ السَّارِقَةُ فَاقْطَعُوْا اَيْدِيَهُمَا﴾ اس آیت میں ترکیب کلام کے اعتبار سے نحوی احتمالات بیان کیجئے۔

سوال نمبر 11: ﴿يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا لَا تَتَّخِذُوا الَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا دِيْنَكُمْ هُزُوًا وَّ لَعِبًا﴾ اس آیت کا شان نزول بیان کیجئے۔

سوال نمبر 12: حلوہ بڑی نعمت یا ٹھنڈا پانی؟ اس کو حضرت حسن (رضی اللہ عنہ) کی روایت سے ثابت کیجئے۔

سوال نمبر 13: حالت احرام میں شکار کا حکم تحریر کیجئے اور ﴿فَجَزَآءٌ مِّثْلُ مَا قَتَلَ مِنَ النَّعَمِ﴾ کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 14: ﴿تُحْشَرُوْنَ﴾ کی وضاحت کیجئے۔

سوال نمبر 15: ﴿اِنْ اَنْتُمْ ضَرَبْتُمْ فِي الْاَرْضِ﴾ کا معنی بیان کیجئے۔

سوال نمبر 16: زمین میں سیر کیسے کرنی چاہیے؟ اس کو تفسیر کی روشنی میں بیان کیجئے۔

سوال نمبر 17: ﴿بَصَائِرُ مِنْ رَبِّكُمْ﴾ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر 18: ﴿اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ مَنْ يَضِلُّ عَنْ سَبِيْلِهٖ﴾ میں "مَنْ" کس معنی میں ہے اور ترکیب کلام میں نحوی طور پر کیا واقع ہو رہا ہے؟

سوال نمبر 19: مسلمانوں کو بوقت ذبح کیا کرنا چاہیے؟

سوال نمبر 20: ﴿زُيِّنَ﴾ صیغہ بیان کیجئے۔

طویل سوالات (Long Questions)

نوٹ: کل 03 سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کے 10 نمبر ہیں۔ (3x10=30)

سوال نمبر 1: اطاعت رسول ﷺ پر مفصل ومدلل نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 2: ﴿وَمَا قَتَلُوْهُ وَمَا صَلَبُوْهُ﴾ اس پر تفسیر مدارک کی روشنی میں نوٹ تحریر کیجئے۔

سوال نمبر 3: ﴿وَإِنْ يَمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ﴾ من مرض، أو فقر، أو غير ذالک من بلایاه ﴿فَلَا كَاشِفَ لَهٗ إِلَّا هُوَ﴾ فلا قادر علی کشفه إلا هو ﴿وَإِنْ يَمْسَسْكَ بِخَيْرٍ﴾ من غنی، أو صحة ﴿فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴾ فهو قادر علی إدامته، وإزالته" اغراض مفسر بیان کیجئے۔

سوال نمبر 4: "حکمان عادلان من المسلمین. وفیه دلیل علی أن المثل القیمة؛ لأن التقویم مما یحتاج إلی النظر والاجتهاد دون الأشیاء المشاهدة، ولأن المثل المطلق فی الکتاب، والسنة، والإجماع مقید بالصورة والمعنی. أو: بالمعنی لا بالصورة، أو بالصورة بلا معنی والقیمة أریدت فیما لا مثل له صورة إجماعا، فلم یبق غیرها مرادا، إذ لا عموم للمشترک" عبارت کا مفہوم واضح کیجئے۔

سوال نمبر 5: ﴿وَكَمْ مِّنْ قَرْيَةٍ اَهْلَكْنٰهَا فَجَآءَهَا بَاْسُنَا بَيَاتًا اَوْ هُمْ قَآئِلُوْنَ﴾ اس آیت کی ترکیب بیان کیجئے۔